SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

November 18, 2020

ایس ای سی پی نے ملک کے پہلے 'پیر ٹو پیر' لینڈ نگ پلیٹ فارم کی منظوری دے دی

کمپنی نئی مالیاتی پراڈکٹ کا ایس ای سی پی کے ریگولیٹری سینڈ بکس میں ڈیجیٹل پلیٹ فارم کا تجربہ کرے گی

اسلام آباد (نومبر 18) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ملک میں فن ٹیک کے فروغ کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ملک کے پہلے 'پیر ٹو پیر' لینڈ نگ پلیٹ فارم کی منظوری دے دی ہے۔ کمیشن کی منظوری کے مطابق، کمپنی مجوزہ مالیاتی پراڈکٹ کو ایس ای سی پی کے ریگولیٹری سینڈ بکس میں عائد کردہ شرائد وضوابط کے تحت، مارکیٹ میں تجرباتی بنیادوں پر متعارف کروائے گی۔
'پیر ٹو پیر لینڈ نگ' (Peer-to-Peer) یعنی افرد کی جانب سے کسی کاروبار کو قرض کی فراہمی ایک جدید ڈیجیٹل پلیٹ فارم ہے جہاں قرض اور سرمایہ حاصل کرنے والے کاروباری اداروں اور انفرادی سرمایہ کاروں اور قرض دہندگان کا ایک دوسرے سے رابطہ ہوتا ہے اس طرح سے اس ڈیجیٹل پلیٹ فارم سے کاروبار کے لئے قرض کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے شرائط وضوابط کے تحت سرمایہ اکٹھا کیا جاسکتا ہے۔ اس پلیٹ فارم سے سرمایہ کار قلیل مدتی قرض دیتے ہیں جبکہ کاروباری افراد سہل طریقے سے سرمائے کی ضرورت کو پورا کر سکتے ہیں۔ اس طریقے سے ملک میں سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزیز (ایس ایم ایز) کو فروغ دیا جاسکتا ہے جبکہ روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

ریگولیٹری سینڈ بکس میں ٹیسٹنگ / تجربہ کے مرحلے کے دوران، پیر ٹو پیر لینڈ نگ کا یہ پلیٹ فارم متعین شدہ پیرامیٹرز کے اندر کام کرے گا اور شرائط و ضوابط سے مشروط ہو گا۔ اس پلیٹ فارم پر ہر قرض دہندہ / ادھار لینے والے کے لئے اہلیت کے مخصوص معیارات کا اطلاق ہو گا۔ یہ شرائط وضوابط اس مالیاتی پراڈکٹ کے لئے باقاعدہ فریم ورک کی عدم موجودگی میں کسی بھی مالیاتی رسک کم کرنے میں معاون ہوں گی۔

ایس ای سی پی کے ریگولیٹری سینڈ بکس میں نئی نئی جدید مالیاتی پراڈکٹ کو ایڈ جسٹ کرنے کا فریم ورک موجود ہے اور نئی ٹیکنالوجیز اس سے فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔ سینڈ بکس میں فن ٹیک کمپنیاں محدود، بہتر وضاحت شدہ دائرہ کار میں رہتے جدید ٹیکنالوجی کو اپناتے ہوئے اپنی پراڈکٹ کی جانچ کر سکتی ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005